یقین ہے دل کو جنت کا راستہ ہے یہی -- چلا ہوں جانب مشہد میں کربلا کے لئے

فرامین حضرت امام علی رضا علیہ السلام

نسیم عباس

مکتبہ انوار الثقلین

بمقام اٹھر

تحصیل پنڈ دادنخان (ضلع جہلم)

"فرامین حضرت امام علی رضا علیہ السلام"

1. جو کسی مومن کے دل سے ہم وغم کو دور کرے اللہ قیامت کے دن اس کے دل سے ہر طرح کا غم دور کر دے گا۔

2. بے شک حکماء اور دانشمند لوگ جب نااہلوں کو حکمت کی تعلیم دیں گے تو حکمت برباد ہو جائے گی۔

3. جب حق بات کا سامنا ہو تو غصہ نہ ہو۔

4. تواضع انکساری یہ ہے کہ تم لوگوں کو اپنی جانب سے وہ چیز عطا کرو جس چیز کو تم دوست رکھتے ہو۔

5. جو صبح اس حال میں کرے کہ وہ اصلاح اُمور مسلمین کا اہتمام نہ کرے تو وہ ان (لوگوں) میں سے نہیں ہے،

6. جس نے زمانے کو عتاب کیا اس کا عتاب طولانی ہوا۔

7. حق بات پر صبر کرو اگرچہ صبر کڑوا ہے۔

8. جو کسی صاحب اختیار کو کسی ایسی چیز سے خوش کرے جس سے اللہ ناراض ہوتا ہے تو ایسا شخص دین سے خارج ہے۔

9. بیشک تم اپنے اموال کے ذریعہ سے لوگوں کو خوش نہیں کر سکتے تو انہیں خندہ پیشانی اور خندی روئی سے خوش کرو۔

10. خاموشی حکمت کا ایک دروازہ ہے۔

11. لوگوں سے دوستی نصف عقل ہے۔

12. بُروں کی صحبت اور ہم نشینی نیک لوگوں کے حق میں بدگمانی کا باعث ہے۔

13. وہ دو گروہ کبھی بھی آپس میں نہیں لڑے مگر ان میں سے جو بڑا معاف کرنیوالا گروہ ہے اللہ نے اس کی

مدد کی۔

14. ایمان باللہ کے بعد عقل کی جڑ لوگوں سے دوستی اور ہر اچھے برُے کے ساتھ نیک برتاؤ کرنا ہے۔

15. "ایمان" زبان سے اقرار دل سے پہچان اور اعضاء سے عمل کرنے کا نام ہے۔

16. فکر کرنا تمہارا ایک آئینہ ہے جو تمہیں تمہاری برائیوں اور اچھائیوں کو دکھاتا ہے۔

17. کوئی پرہیزگاری محرمات سے بچنے اور مومنوں کو اذیت کرنے سے اپنے کو باز رکھنے سے زیادہ مفید نہیں۔

18. جس نے اپنے نفس سے غفلت برتی وہ خسارہ میں رہا۔

19. جو لوگوں میں سب سے زیادہ دولت مند ہونا چاہے تو اسے چاہئے کہ جو کچھ اس کے پاس ہے اسی پر بھروسہ کرے۔

20. دوستوں سے تواضع اور انکساری دشمنوں سے احتیاط اور عام لوگوں سے خندہ روئی کے ساتھ پیش آؤ۔

21. تمہارا کسی کمزور کی مدد کرنا راہ خدا میں صدقہ دینے سے بہتر ہے۔

نسیم عباس کے دیگر کتابچے

ایذا رسانی قرآن و اھلبیتؑ کی نظر میں

آزمائش

فرامین حضرت امام علی رضا علیہ السلام

کامیابی اور نجات کیسے ممکن ہے؟

خواہشات نفسانی قرآن کی نظر میں

صبر و شکر

ہم سب مجرم ہیں؟

انفاق فی سبیل اللہ

استحکام پاکستان کے تقاضے

صِلہ رحم

شیطان کا انٹرویو

پستی کے عمیق گڑھوں میں گرنے کے اسباب

دہشت گردی کی نرسریاں دینی مدارس۔۔۔۔۔۔۔؟

مکتبہ انوار الثقلین بمقام اتھر

تحصیل پنڈ دادنخان (جہلم)